04.08.2024

13.50 Hrs

HL-OPENNING

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں کلیم احمد

Music

-------------------------------

☆ صدر جمہوریہ محترمہ دروپدی مرمو، تین ملکوں فجی، نیوزی لینڈ اور Timor Leste کے دورے پر روانہ ہوں گی۔
☆ مدھیہ پردیش کے ساگر ضلعے میں آج صبح ایک مندر کی دیوار منہدم ہونے کے بعد 9 بچے ہلاک اور کئی دیگر زخمی ہوگئے۔ وزیر اعلیٰ نے مرنے والے بچوں کے کنبوں کو 4-4 لاکھ روپے کی مالی امداد دینے کا اعلان کیا ہے۔
☆ ہماچل پردیش میں بادل پھٹنے کے واقعات میں لاپتہ 44افراد کو تلاش کرنے کی کارروائی جاری ہے۔
☆ ڈھاکہ میں کوٹہ کے لیے مظاہرہ کرنے والے لوگوں نے وزیر اعظم شیخ حسینہ کی بات چیت کی تجویز کو مسترد کردیا ہے۔
☆ پیرس اولمپکس میں آج سہ پہر سیمی فائنل میں بھارت کے واحد بیڈمنٹن کھلاڑی لکشیہ سین کا مقابلہ ڈنمارک کے Viktor Axelsen سے ہوگا۔
☆ اور مردوں کی کرکٹ میں آج کولمبو میں بھارت اور سری لنکا کے درمیان دوسرا ایک روزہ بین الاقوامی میچ کھیلا جائے گا۔

Music

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

**Prez-Visit**

صدر جمہوریہ محترمہ دروپدی مرمو، تین ملکوں فجی، نیوزی لینڈ اور Timor Leste کے دورے پر روانہ ہوں گی۔ اپنے دورے کے پہلے مرحلے میں صدر جمہوریہ آج دیر شام نئی دلّی سے فجی کے Nadi کیلئے روانہ ہوں گی۔ ہمارے نامہ نگار نے بتایا کہ صدر جمہوریہ فجی، نیوزی لینڈ اور Timor Leste میں باہمی میٹنگیں کریں گی اور غیرمقیم بھارتیوں کے ساتھ بات چیت کریں گی۔ توقع ہے کہ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کا تین ملکوں کا دورہ بھارت کی مشرق نواز پالیسی کو مزید جہت فراہم کرے گا اور جنوب مشرقی ایشیا اور بحرالکاہل خطے میں بھارت کی خصوصی توجہ کے اعادے کو تقویت دے گا۔

**HM-Chandigarh**

چنڈی گڑھ میں مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے آج انصاف کے فوجداری نظام کو اور زیادہ بہتر بنانے کے لیے E-Evidence، نیائے سیتو، نیائے Shruti اور E-Summon نظام کا افتتاح کیا۔ انہوں نے Manimajra میں اسمارٹ سٹی مشن کے تحت 24 گھنٹے پانی کے پروجیکٹ کا بھی افتتاح کیا۔

**MP-Nine Died**

مدھیہ پردیش کے ساگر ضلع میں آج صبح ایک مندر کی دیوار منہدم ہونے کے بعد 9 بچے ہلاک اور کئی دیگر زخمی ہوگئے۔ یہ حادثہ شاہ پور میں Hardaul بابا مندر میں ایک مذہبی تقریب کے دوران پیش آیا۔ زخمی بچوں کو بچالیا گیا ہے اور انہیں علاج کے لیے اسپتال بھیج دیا گیا ہے۔ پولیس انتظامیہ کی جانب سے راحت اور بچاؤ کا کام کیا جارہا ہے۔ ساگر کے کلکٹر دیپک آریہ نے بتایا کہ زخمی بچوں کا علاج چل رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جائے حادثہ سے ملبے کو ہٹا لیا گیا ہے۔ وزیر اعلیٰ موہن یادو نے اُن کنبوں کے تئیں گہری تعزیت کا اظہار کیا ہے، جن بچوں کی اِس حادثے میں موت ہوئی ہے۔ وزیر اعلیٰ حکومت کی طرف سے ہلاک ہونے والے بچوں کے کنبوں کو 4-4 لاکھ روپے کی مالی امداد دینے کا اعلان کیا ہے۔

**Cloudbrust Himachal**

ہماچل پردیش کے شملہ، منڈی اور کُلو ضلعوں میں بادل پھٹنے کے حادثے میں لاپتہ افراد کی تلاش کا کام آج چوتھے دن بھی جاری ہے۔ ریاست میں بادل پھٹنے کے واقعات میں کل 44 لوگ اب بھی لاپتہ ہیں۔ اِن میں سے 36 افراد شملہ ضلع میں رام پور کے Samej علاقے میں لاپتہ ہیں۔ این ڈی آر ایف اور ایس ڈی آر ایف کی ٹیمیں لاپتہ افراد کو تلاش کرنے کے لیے Detector آلات سے لیس ہیں۔ شملہ ضلع کے ڈپٹی کمشنر انوپم کشیپ نے تلاش کرنے والی ٹیم کے ساتھ موجودہ صورتحال کا جائزہ لیا۔ انہوں نے کہا کہ تلاش کے لیے تعینات کی گئی فورس میں اضافہ کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ متاثرہ علاقوں میں لازمی خدمات فراہم کرنے کیلئے پبلک ورکس ڈپارٹمنٹ، جل شکتی اور خوراک اور سپلائی کے محکمے کو ہدایات دی گئی ہیں۔

دوسری جانب بارڈر روڈ آرگنائزیشن کے دو پلوں کو قبائلی ضلع لاہول اسپتی کے ڈارچا-شنکولا سڑک پر کل دیر رات بادل پھٹنے کی وجہ سے نقصان پہنچا ہے۔ اِس کی وجہ سے ڈارچا-شنکولا Zanskar سڑک پر ٹریفک کی آمد ورفت روک دی گئی ہے۔

**Kerala Wayanad**

کیرالہ کی وزیرصحت وینا جارج نے میڈیا سے اپیل کی ہے کہ وہ وائناڈ میں مٹی کے تودے کھسکنے کے واقعہ میں بچ جانے والے بچوں سے سانحہ کی تفصیلات کے بارے میں بات نہ کریں۔ایک فیس بک پوسٹ میں، انہوں نے کہا کہ افسوسناک واقعہ کے بارے میں بار بار بات کرنے سے، بچوں کے ذہنوں میں گہرا اثر پڑے گا اور مستقبل میں بھی انہیں مزید دماغی اور جذباتی صدمہ کی یاد ستاتی رہے گی۔ محترمہ وینا جارج نے میڈیا کو رائے دیتے ہوئے کہا کہ انہیں بچوں سے اُن کے کنبے کے دیگر ارکان، ان کے دوستوں اور تباہ شدہ اسکول کے بارے میں بات کرنے سے گریز کرنا چاہیئے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ بچے کی شناخت، اس کے والدین یا سرپرست کی اجازت کے بعد ہی ظاہر کرنی چاہیئے۔

**J&K-Ganderbal**

گاندر بل میں بادل پھٹنے سے مٹی کے تودے کھسکنے کے بڑے حادثے کی وجہ سے آج سرینگر-لیہہ قومی شاہراہ بند کردی گئی ہے، جس سے ٹریفک کی آمد ورفت معطل کردی گئی ہے۔ شاہراہ کو دوبارہ کھولنے کی کوششیں جاری ہیں۔ سرینگر-لیہہ شاہراہ کو اُس وقت بند کردیا گیا تھا جب بادل پھٹنے سے وسطی کشمیر کے گاندر بل ضلع میں مٹی کے تودے کھسکنے کے واقعات پیش آئے۔ حکام نے بتایا کہ بادل پھٹنے سے Cherwan Padawbal علاقے میں کئی مکان بھی متاثر ہوئے ہیں۔ البتہ آخری خبریں ملنے

تک کسی کے ہلاک ہونے کی کوئی اطلاع نہیں ہے۔ راحتی ٹیمیں جائے حادثہ پر پہنچ گئی ہیں، جو صبح سے ہی ملبے کو ہٹانے کے لیے انتھک کام کررہی ہیں۔

**Sunderban Rain Warning**

سندربن کے ایک بڑے حصے کے دریا طغیانی پر ہیں۔ بلاک اور سب ڈویژن سطح پر کنٹرول روم قائم کئے گئے ہیں۔ اس سے پہلے موسلا دھار بارش کی وجہ سے گنگا ساگر، Mausuni جزیرہ پاتھر پریتیا کے گوبردھن پور اور گھورا مارا علاقے کے دریا کے کنارے زیر آب آگئے اور پشتوں میں شگاف پڑ گئے۔ آج بارش کی Yellow وارننگ جاری کی گئی ہے۔

**Etawah Accident**

اترپردیش کے اٹاوہ ضلع میں ایک بس آگرہ-لکھنؤ ایکسپریس وے سے پھسل کر نیچے جاگری، جس کے نتیجے میں 7 افراد ہلاک اور 35 دیگر زخمی ہوگئے۔ یہ حادثہ اُس وقت پیش آیا جب بس ایک کار سے ٹکرا گئی۔ حادثہ چینل نمبر 129 کے قریب اٹاوہ میں آگرہ-لکھنؤ ایکسپریس وے پر کل رات پیش آیا۔ آکاشوانی نیوز کو اٹاوہ کے ایس ایس پی نے بتایا کہ ناگالینڈ کی نمبر پلیٹ کے ساتھ ڈبل ڈیکر بس رائے بریلی سے دلی جارہی تھی کہ یہ ایک کار کے ساتھ ٹکرا گئی اور کنٹرول کھو بیٹھی، جس کے بعد بس آگرہ-لکھنؤ ایکسپریس وے سے پھسل کر نیچے جاگری۔

**Visakhapatnam**

آج صبح وشاکھاپٹنم ریلوے اسٹیشن پر کھڑی کوربا-وشاکھاپٹنم ایکسپریس ٹرین میں آگ لگ گئی۔ یہ حادثہ کوربا-وشاکھا پٹنم ایکسپریس کے پلیٹ فارم نمبر4 پر پہنچنے کے فوراً بعد پیش آیا۔ اے سی کوچیز بی2، بی7، اور ایم 1 میں آگ لگ گئی۔ بتایا جاتا ہے کہ آگ ایم1 کوچ کے نزدیک لگنا شروع ہوئی اور یہ وہاں سے پھیل گئی۔ آگ لگنے کے بعد حکام نے تیزی سے کارروائی کرتے ہوئے مسافروں کو گاڑی سے باہر نکالا۔ آگ بجھانے والے عملے آگ پر قابو پانے کی کوشش کررہا ہے۔حکام کی فوری کارروائی کی بدولت ایک بڑا خطرہ بھی ٹال دیاگیا۔ حکام نے بتایا کہ اِس حادثے میں کوئی ہلاک یا زخمی نہیں ہوا۔

**Bangaladesh**

بنگلہ دیش میں احتجاجیوں نے وزیراعظم شیخ حسینہ کی بات چیت سے متعلق تجویز کو مکمل طور پر مسترد کردیا ہے اور ان کے استعفے کے اپنے ایک نکاتی مطالبہ کا اعلان کیا ہے۔ کوٹا سے متعلق اصلاحی تحریک کے رابطہ کاروں نے کل شام ڈھاکہ میں سینٹرل شہید مینار کے مقام پر منعقدہ ایک زبردست ریلی میں اس بات کا اعلان کیا۔ تحریک کے ناہید اسلام، Sargis عالم اور دیگر کلیدی رابطہ کاروں نے کہا کہ وہ آج سے عدم تعاون تحریک کا نفاذ کریں گے۔ وزیراعظم شیخ حسینہ کی جانب سے احتجاجی طلبا سے Gono بھون میں اُن کے ساتھ بیٹھ کر بات کرنے اور تشدد ختم کرنے کی پرزور اپیل کئے جانے کے باوجود، یہ اعلان کیا گیا ہے۔ اس دوران، بنگلہ دیش کی فوج کے سربراہ جنرل وقارالزماں نے سیکورٹی امور سے متعلق موجودہ صورتحال کے سلسلے میں کل فوجی افسران سے خطاب کیا اور فوج کی سرگرمیوں کے بارے میں مختلف ہدایات دیں۔ کل رات، بنگلہ دیش کے وزیر داخلہ اسد الزماں خان نے قانون نافذ کرنے والی ایجنسیوں کے اعلیٰ عہدیداروں کے ساتھ ایک میٹنگ کی۔ میٹنگ کے بعد وزیر داخلہ نے میڈیا سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ طلبا کی تحریک کے سبھی مطالبات پورے کردیئے گئے ہیں۔ انہوں نے طلبا پر زور

دیا کہ وہ عدم تعاون تحریک شروع نہ کریں اور اپنے اپنے گھروں کو لوٹ جائیں۔اس سے پہلے بنگلہ دیش کی وزیراعظم شیخ حسینہ نے حراست میں لئے گئے سبھی طلبا کو رِہا کرنے کا حکم دیا تھا۔

**Britain Riots**

برطانیہ کے شمال مغرب میں چاقو سے کئے گئے ایک حملے میں تین نوجوان لڑکیوں کے قتل کے بعد، کئی شہروں میں بڑے پیمانے پر پُرتشدد جھڑپیں ہوئی ہیں۔ کُل انتہائی دائیں بازو کے احتجاجیوں کے ساتھ جھڑپوں میں پولیس اہلکار زخمی ہوئے۔سوشل میڈیا پر تیزی سے یہ خبر پھیلنے کے بعد کہ ساؤتھ پورٹ میں پیر کو چاقو سے حملہ کرنے والا ایک انتہا پسند مسلم مائیگرینٹ تھا، برطانیہ کے قصبوں اور شہروں میں فسادات پھوٹ پڑے، جن میں امیگریشن مخالف سیکڑوں احتجاجی ملوث تھے۔ اس سے پہلے پولیس نے بتایا تھا کہ یہ مشتبہ شخص 17 سالہ Axel-Rudakubana ہے، جو برطانیہ میں پیدا ہوا تھا۔ اس کے باوجود امیگریشن مخالف اور مسلم مخالف مظاہرین کا احتجاج جاری ہے، جو تشدد، آتش زنی اور لوٹ مار میں تبدیل ہوچکا ہے۔برطانیہ کے مختلف حصوں میں واقع لیور پول، Bristol، Hull اور بیلفاسٹ میں پرتشدد ہنگامے ہورہے ہیں۔گزشتہ ہفتے، ملک کے ساؤتھ پورٹ میں بچوں کے ایک ڈانس کلب میں چاقو سے کئے گئے ایک حملے میں تین نوجوان لڑکیاں ہلاک اور کئی دیگر شدید زخمی ہوگئی تھیں۔

**Olympics**

پیرس اولمپک میں آج سیمی فائنل میں بھارتی بیڈمنٹن کھلاڑی لکشیہ سین کا مقابلہ ٹوکیو اولمپک میں سونے کا تمغہ جیتنے والے ڈنمارک کے Viktor Axelsen سے ہوگا۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق سہ پہر ساڑھے تین بجے ہوگا۔ اِس جیت کو حاصل کرنے کے بعد لکشیہ سین فائنل میں جگہ بنالیں گے اور اُن کے لیے تمغہ یقینی ہوجائے گا۔

ٹوکیو اولمپک میں میڈل حاصل کرنے والی مکے باز Lovlina Borgohain کے خواتین کے 75 کلوگرام زمرے کے کوارٹر فائنل میں چین کی Li Qian سے مقابلہ کریں گی۔

ایتھلیٹکس میں Parul چودھری خواتین کے 3 ہزار میٹر Steeplechase کے پہلے راؤنڈ میں حصہ لیں گی، جس کا مقصد فائنل میں پیش قدمی کرنا ہے، جبکہ Jeswin Aldrin فائنل میں پہنچنے کے لیے بھارت کے پہلے مرد لانگ جمپر بننے کی کوشش کریں گے۔ وہ بھارتی وقت کے مطابق ڈھائی بجے کوالیفکیشن راؤنڈ میں اپنی مہم کا آغاز کریں گے۔

**Cricket India-Srilanka**

کرکٹ میں آج تین میچوں کی سیریز کے دوسرے ایک روزہ بین الاقوامی میچ میں بھارت کا مقابلہ سری لنکا سے ہوگا۔ یہ میچ آج کولمبو کے آر پریم داسا اسٹیڈیم میں بھارتی وقت کے مطابق دوپہر ڈھائی بجے شروع ہوگا۔ دونوں ٹیمیں سیریز کے پہلے میچ کے ڈرا ہونے کے بعد سیریز کے اس میچ میں اپنی اپنی جیت درج کرنے کی کوشش کریں گی۔سری لنکا کے کھلاڑی Wanindu Hasaranga پہلے میچ میں زخمی ہونے کے بعد اُن کی جگہ Jaffrey Vandersay لیں گے۔ سری لنکا کرکٹ نے ایک بیان میں اس کا اعلان کیا ہے، جبکہ بھارتی ٹیم میں کوئی ردو بدل نہیں کیا گیا ہے۔ ٹی-ٹوینٹی سیریز میں سری لنکا کے خلاف تین صفر سے جیت حاصل کرنے کے بعد بھارتی ٹیم ایک روزہ بین الاقوامی میچوں میں بھی سیریز جیتنے کی کوشش کرے گی۔